پریس ریلیز

29اگست 2019

دی بینک آف پنجاب (بی او پی) نے ورلڈ وائڈ فنڈ فارنیچر پاکستان (ڈبلیوڈبلیوایف پاکستان) کے اشتراک سے شجرکاری مہم کا آغاز کردیا

بی او پی کے صدر خالد صدیق ترمذی، سینئر مینجمنٹ اور ڈبلیوڈبلیوایف پاکستان کے نمائندوں کے ساتھ شجرکاری مہم کی افتتاحی تقریب کے دوران

لاہور: دی بینک آف پنجاب نے ورلڈ وائڈ فنڈ فارنیچر پاکستان (ڈبلیوڈبلیوایف پاکستان) کے اشتراک سے ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو زائل کرنے اور ماحول دوست فضاء قائم کرنے کیلئے شہر میں شجرکاری مہم کا آغاز کردیا۔ بی او پی کی شجرکاری مہم کے دوران مختلف اقسام کے مقامی درخت لگائے جائیں گے۔ شجرکاری مہم کی افتتاحی تقریب بینکرز ایوینیو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بیدیاں روڈ، لاہور میں منعقد ہوئی جس میں بی او پی کے قائم مقام صدر، سینئر مینجمنٹ، سٹاف ممبران اور ڈبلیوڈبلیوایف پاکستان کے نمائندوں نے شرکت کی۔ دی بینک آف پنجاب کے ایکٹنگ صدر خالد صدیق ترمذی نے پودا لگا کر مہم کا آغاز کیا۔ انھوں نے شجرکاری مہم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے درختوں اور ماحول دوست اقدامات کی اہمیت اجاگر کرنے کے علاوہ لاہور شہر کو سرسبز و شاداب بنانے کیلئے بی او پی کی جانب سے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ خالد صدیق ترمذی نے ماحولیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات کو کم کرنے کیلئے دیگر شہروں میں بھی اسی طور پر شجرکاری کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈائریکٹر جنرل ڈبلیوڈبلیوایف پاکستان حماد نقی خان نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں سے ایک ہے اور ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات پہلے کی نسبت آج بہت واضح ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ شجرکاری مہم ایک احسن قدم ہے جو درختوں کی کمی کو دور کرکے شہر پر مثبت اثرات مرتب کرے گی۔ درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرکے گرد و پیش کے ماحول سے حدت کم کرتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔ انھوں نے شجرکاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ زیادہ سے زیادہ افراد اس مہم میں شمولیت اختیار کریں اور شہروں میں مختلف مقامات پر مقامی درخت لگا کر اس اشتراک کو کامیاب بنائیں۔